ایس۔ پی۔ پکچرز کا شاہکار

शेरू

شیرو

ستارے

اشوک کمار۔ نلنی جیونت۔ اوم۔ انوپ کمار۔ مدن پوری۔

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

شیرو کے گانے

گانا نمبر ۱

گورے بادلوں پہ ہو کے سوار آئی
آئی ساون کی پہلی بہار
آئی مست ہوائیں میرا آنچل اُڑائے رے
دیکھو ہنستے نظارے مجھے چھیڑ چھیڑ جائے
آیا موسم یہ رنگ بولے دل کی ترنگ
چل کوئی بلائے مجھ کو بادل کے پار
کوئی آنا کوئی جانا رہی جو کر بیٹھے تکرار
تو بولو کیا کرو گی
کوئی بانکا چھیل چھبیلا ہائے کرے تم سے پیار
بولو کیا کرو گی
بجا کے چھم چھم اپنی پائل سے کر دوں اُسکو گھائل
بڑی بُری ہے میرے نینوا کی مار
موری بالی عُمریا سکھی میں تو چھپ چھپ جاؤں
موہے لاگے نجریا میں تو چھپ چھپ جاؤں
بڑے ظالم ہیں جگ دے کے جانے ہیں روگ
کون بیٹھے بٹھائے گنوائے یہ قرار

گانا نمبر ۲

کیسے سمجھاؤں جیا تم کو بتاؤں پیا

ہائے لگے موہے لاج تیری میری پریت نئی
جب تم سے ملے دو نین اک مان جیا میں لاگا
کیا تم نے یہ کیسا اشارہ اک درد جگر میں جاگا
سُن لے سانوریا۔ مَیں ہوں تیری باوریا
ہائے لگے موہے لاج

بسی من میں جو پریت تُو نے پیا نے گیت لگے ہم گانے
ہمیں بھول گئی سب دُنیا ملے جب سے تم جو اسے بلانے
بڑا کیا دِل نے مَیں کیسے آؤں مِلنے
ہائے لگے موہے لاج

مَیں لاج سے کچھ نہ بولوں، تیرا نام جو پوچھیں سکھیاں
میری پلکیں جھک جھک جائیں پر کہیں میری دو انکھیاں
سارا جگ جانے اِک تُو ہی نہیں مانے
ہائے لگے موہے لاج

گانا نمبر ۳

جدھر دیکھتا ہوں اُدھر ہے اندھیرا
سویرا کہاں ہے او بھگوان میرے
اگر تیری دُنیا میں یہ غم رہیں گے
تو پھر تیری دُنیا میں کیا ہم رہیں گے
ہے تیرے جہاں میں کہیں تو بہاریں
کہیں اُٹھ رہی ہیں غموں کی پکاریں
یہی زندگی ہے تو خوش رہیں گے۔ تیری دُنیا میں۔۔

نہ اِتنا ستا تو مجھے ہم بتا دیں
یہ آہوں کے شعلے نہ تجھ کو جلا دیں
بتا کب تلک یہ ستم ہم سہیں گے
اگر تیری دُنیا میں ...

رہے گا ستم کا یہ اندھیرا
تو مِٹ جائیگا نام دُنیا سے تیرا
ہے مالک بھی جھوٹا سبھی یہ کہیں گے
اگر تیری دُنیا میں ...

گانا نمبر

جس کرنی سے مالک روٹھے کبھی نہ کرے وہ کام
کبھی نہ لے تو کسی سے بدلہ تیرا بدلہ لیں گے رام
او ماٹی کے پُتلے اِتنا نہ کر تو گمان
پل بھر کا تو مہمان او ماٹی کے پُتلے
تُو نے پربھو کو دھن میں ڈھونڈا
کبھی نہ اپنے من میں ڈھونڈا
بھول گیا مایا کے بندے - تجھ میں ہے بھگوان
مالک سے کچھ چھپا نہیں ہے۔ کون ہے جگ میں کیسا
مالک تو ہے پیار کا بھوکا۔ لوگ چڑھائیں پیسہ
دھن کے لوبھی۔ نہ جانیں کیا مانگے بھگوان
جب ہے وہی بنانے والا۔ تو ہے کون مٹانے والا
چھوڑ دے دس یہ ساری باتیں - اوچھو کچھ اِنسان

گانا نمبر ۵

نینوں میں پیار پیار ڈولے - دل کا قرار ڈولے
تم جب دیکھو پیا میرا سنگار ڈولے
نینوں میں پیار...
جب سے نظر تیری دل میں سمائی رے
میں نے قسم تیرے پیار کی کھائی رے
تم جو اشارہ کردو دل میں بہار ڈولے
تم جب دیکھو پیا میرا سنگار ڈولے
نینوں میں پیار..
تم نے بسایا مجھے اپنی نگاہوں میں
پھول کھلائے میری پریت کی راہوں میں
انکھیوں میں پیار بھرا بنا اقرار ڈولے
تم جب دیکھو پیا میرا سنگار ڈولے
نینوں میں پیار..

گانا نمبر ۶

لڑکیاں:- سکھیاں آئے تیرے دوار مہمان بن کے
گوری پیا کو رجھانا ذرا بن ٹھن کے
شبو:- ارے او بن ٹھن کر آیا تیرے دوار گوری
سن من بسیا ہو تیرا رسیا
آیا کر کے بھیس نرالا بیکے کاندھے پہ دوشالا
تیرے پیار کا ہے یہ مارا

تیرے درشن کا متوالا

کوئی آیا تیرے دوارے بیکے چاند ستارے
گوری اب تو سمجھ لے کسی کے یہ اشارے
سر پہ جیت کا سہرا گلے پھولوں کی ہے مالا
تیرے پیار کا ہے یہ مارا
تیرے درشن کا متوالا
او آیا دور سے چل کے تیری نگری
آ جاگ جگانے آیا ۔ تجھ سے پریت نبھانے آیا
او سن تجھ کو پیار میں ڈوبے گیت سنانے آیا
ہے یہ راگی بڑا نرالا
تیرے نام کی جپتا مالا
تیرے پیار کا ہے یہ مارا
تیرے درشن کا متوالا
تجھے جس کی تھی آس آیا وہی تیرے پاس
ذرا نیناں تو ملا لے بجھے نظروں کی پیاس
آیا لے کے دل کی جھولی
مانگے پریت کا اجالا

گانا نمبر ۶

پربھو دوار چلی پربھو کی داسی
اک آس لئے اک پیاس لئے
مسکان کے پھول سجائے ہوئے

نینوں کے دیپ جلائے ہوئے
نکلی ہے پریتم کو رِجھانے
من اپنے وِشواس لئے
تیرا نام ادم کار گاوت ہے بار بار
لاج میری تیرے ہاتھ جگت کے کھویا

ختم شد

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

۵۵۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چیدہ گانے چھاپے گئے ہیں۔ جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ مینا بھی۔ وجنتی مالا۔ نروپا رائے۔ شیاما۔ اور دلیپ کمار۔ اشوک کمار۔ دیوانند۔ کشور کمار۔ پردیپ کمار۔ راج کپور۔ بھارت بھوشن۔ وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔

قیمت صرف ۱-۱-۰ علاوہ محصولڈاک معاف

زین اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دھلی

عملیات تسخیر محبوب عرف ہمدردِ عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی۔ منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمائیے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں۔ ہزارہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف -۱۱؍ محصولڈاک معاف

اندرجال } یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے۔ جس کے لئے اردو دان اصحاب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف -۱۱؍ محصولڈاک معاف

زینت اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)